ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((347

مورخہ 26.06.24

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 14 ملزمان گرفتار۔بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے،ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ صدر بہاولپور اور تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھر پور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 115 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ کینٹ،صدر بہاولپور،نوشہرہ جدید اور تھانہ قائم پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 کلو 340 گرام گرام چرس برآمد کرلی۔جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ سول لائینز،نوشہرہ جدید،سٹی یزمان، صدر یزمان اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے 06 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 04 عدد پسٹل 30 بور،01 عدد ریوالور 32 بور اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کرلی۔پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے،انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار،بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((348

مورخہ 26.06.24

**بہاولپور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی گذشتہ روز پولیس لائینز کے کانفرنس ہال میں سٹی سرکل کے ایس ڈی ایس پی او اور ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران اور محرران کے ساتھ کرائم میٹنگ ۔منشیات فروشوں اور اشتہاری مجرمان کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کیا جائے۔شہریوں کا امن خراب کرنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں،سماج دشمن عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھیں،ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی کرائم کنٹرول اور معاشرے میں امن وامان کی صورت حال کو قائم رکھنے کے حوالے سے جاری کردہ پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے سٹی سرکل کے ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران اور محرران سے میٹنگ کی۔میٹنگ میں ایس ڈی پی او سٹی سرکل بہاول پور محمد یونس نے مقدمات بارے ڈی پی او بہاولپور کو بریفنگ دی۔جس پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ روزانہ کی پراگرس چیک کی جا رہی ہے۔اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو اشتہاری قرار دلوایا جائے۔قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، رابری اور سنگین مقدمات کی تفتیش میرٹ اور متعینہ وقت کے اندر کی جائے۔زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کیا جائے، اور چالان دی گئی ڈیڈ لائین میں عدالت جمع کروائے جائیں۔ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں۔گشت کے نظام کو موثر اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائیں تاکہ لوگوں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔منشیات فروشوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔تھانہ پر آنے والی درخواستوں کو میرٹ پر متعین کردہ وقت میں حل کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے، شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بد عنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**






بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان پولیس لائینز کے کانفرنس ہال میں سٹی سرکل کے ایس ڈی ایس پی او، ایس ایچ اوز و تفتیشی افسران کے ساتھ کرائم میٹنگ کر رہے ہیں